بسمِ اللہ الرحمٰنِ الرحیم

جز : 1 ------- 80--آخر

1. اَیّاً مًامُّعدُودۃً سے کیا مراد ہے اور یہود کا کیا گمان تھا اس کے بارے میں ؟

a)لا محدود دن ! یہود پر کوئی عزاب نہ ہو گا!

b)گنتی کے چند دن! بس آگ اتنے دن ہی ہمیں جلائے گی!

c)اُن پر عزابِ جہنم صرف40 دن کے لیے ہوگا!

2. میثاق کے معنی بتائیں اور اس کے تحت کتنے احکامات بیان فرمائےگئےہیں ؟

a)ایک دوسرے سے عہد لینا۔ اللہ تعالی نے اسکے تحت پانچ احکامات فرمائے ہیں!

b)وعدہ کرنا ۔ اسکے تحت چار احکامات بیان فرمائے ہیں!

c)پختہ عہد لینا۔ سات احکامات بیان فرمائے ہیں!

QURANNATION

3. دنیا کی زندگی میں رسوائی اور قیامت کے دن شدید ترین عزاب دیا جائے گا؟

a) یہ سزائیں کفار کیلئے بیان فرمائیں!

b) یہ یہود کے جرائم کے نتیجے میں انہیں ملیں گی!

c) یہ تمام نوع انسانی کو ملیں گی!

4. اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں جس پرچا ہتا ہے فضل فرماتا ہے؟

a) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر!

b) حضرت داؤد علیہ سلام پر!

c) حضرت یعقوب علیہ سلام پر!

5. اگراللہ تعالیٰ کے پاس تمہارے لئیےالدارالخاص ہےتوپھرموت کی تمنا کرکے رکھ لو؟

a) یہ چیلنج مشرکین مکہّ کو دیا!

b) یہ چیلنج بنی اسرائیل کو دیا!

c) یا پھر منافقین کو دیا!

6. وَلَتَجِدَنَّهُم أَحرَصَ، عَدُوًّالّجِبرِیلَ، عَهدًانّبَذَہُ، یہ عادات واطوارکس قوم کے تھے؟

QURANNATION

a)قومِ نوح علیہ کے!

b). قومِ عیسیٰ علیہ کے!

c ) .قومِ موسیٰ علیہ کے!

7. اپنی کتابِ حق یعنی دین کو چھوڑکر جادو اختیار کرنا بد ترین روش ہے۔ اس حوالے

کی حدیث کی رو سے آپ نے فرمایا۔

a)چھ قسم کے لوگ جنت میں داخل نہ ہوسکیں گے!

b)پانچ طرح کے لوگ

!------------------------------------------

c)سات طرح کے لوگ

!-----------------------------------------

8. ہم بُھلا دیتے ہیں یا لے آتے ہیں اُس سے بہتریا اُس جیسی ؟ یہ اختلاف کسکوتھا ؟

a)یہ حکم تنسیخ قومِ یہود کیلئے تھا۔

b)نصاریٰ کیلئے تھا۔

c)اُمّتِ محمدی کیلئے تھا۔

9. کثرت سوال سے پرہیزکرو۔ کس سے اور کیوں ؟

QURANNATION

a)بنی اسرائیل کی گستاخیوں کی مثال دیکرمومنین کو آپ نے کثرتِ سوالات سے منع فرمایا۔
b)مشرکینِ مکّہ کی مثال دیکرمنع فرمایا کثرتِ سوال سے۔
c)پوری نوعِ انسانی کوان مثالوں کے ساتھ کثرتِ سوال سے منع فرمایا۔

10. خیرٍتَجِدُوہُ عِندَاللہ، یہ ترغیب کن لوگوں کواور کن اعمال کی بھلائی کا حکم ہے؟

a)یہ یہود کوکرنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔
b)مشرکین اور منافقین کو حکم دیا جا رہا ہے۔
c)کمزور اہلِ ایمان کو اعمالِ صالح کا حکم دیا جا رہا ہے۔

11. قانونِ نجات بیان فرماتے ہوئے یہ واضع کر دیا کہ ایسے لوگوں کونہ خوف ہوگا اور
نہ وہ غمگین ہونگے۔

a)یہ قانون پوری نوعِ انسانی کیلئے ہے، جو بھی اختیار کر لے!
b)کسی ایک خاص قوم کیلئے ہے
c)کفار اور مشرکین کیلئے ہے!

12. زکرِ الٰہی سے روکنےاورمساجدکوویران کرنے والے کون ظالم تھے۔ انکےلئیے کون

QURANINATION

سی دو سزائیں تجویزفرمائیں۔

a)یہودونصاریٰ تھے اور اُن پرلعنت و سکنت طاری کردی۔

b)منافقین تھےاور وہ جہنم کے نچلےدرجے میں ہونگے۔

c)مشرکینِ مَکّہ اور عیسائی! انکےلئیے دنیا کی رسوائی اور عزابِ عظیم ہوگا۔

13. اللہ سبحانہ تعالیٰ پاک ہےاُس سےجویہ جھوٹ باندھتےہیں۔ اور پھر صفاتِ رب بیان

فرمائیں؟

a)یہ آیت تمام نوعِ انسانی کیلئے ہےاور پانچ صفات ہیں۔

b)یہ آیت بنی اسرائیل کے عقائد کیلئے ہےاور تین صفات ہیں۔

c)یہ آیت یہودونصاریٰ اور مشرکینِ عرب کی تردید میں نازل ہوئی اور چار صفات ہیں۔

14. کیوں نہی کلام کرتاہم سے اللہ، یا آتی ہمارےپاس کوئی نشانی؟

a)یہ مطالبہ کُفارکا تھا۔

b)یہ بنی اسرائیل کا تھا۔

c)یہ مشرکینِ مَکّہ کے لاعلم لوگوں کا تھا۔

QURANNATION

15. هدایت دنیا کسی پیغمبر کے بس میں نہی ہیں اور نہ ان سے اہلِ جہنم کے بارے میں

سوال ہوگا؟

a) یہ داعئ حق حضرت ابراہیم سے فرمایا گیا!

b) یہ تسلی آپ(ص) کو دی گئی ہے!

c) یہ دوسرے تمام انبیاء سے فرمایا گیا!

16. وہ راضی نہ ہونگے اگرچہ آپ انکے طریقے کی پیروی کریں یا خواہشات کی۔

a) یہ آیت حضرت موسیٰ سے مخاطب کرکے فرمائی۔

b) اس آیت ان لوگوں سے فرمائی جو حق کو جانتے تھے۔

c) یہ آیت آپ(ص) کو مخاطب کرکے اُمتِ محمدیہ کو فر مائی گئی۔

17. قرآن مجید کے ہم پر کتنے اور کون سے حقوق ہیں؟

a) قرآن کے 4 حقوق ہیں۔ تلاوت، تفکر، فہم، عمل

b) قرآن کے 5 حقوق ہیں۔ تلاوت وتجوید،تفکروتدبر،عمل کرنا، تبلیغ کرنا، ایمان قرآنی

c) قرآن کے 3 مطالبات یا حقوق ہیں۔ تلاوت، تفسیر، عمل

QURANNATION

18. جب آزمایا اس کے رب نے ساتھ چند باتوں کے! کیسے اور کس طرح آزمایا ؟

a)حضرت موسیٰ علیہ کو کوہِ طُورپر بُلا کے۔
b)حضرت داؤد علیہ کو اپنے انعامات دیکر۔
c)حضرت ابراھیم علیہ کو جان سے، وطن اور قوم سے دوری، اہل وعیال کی جدائی، اور بیٹے کی قربانی!

19. مقام ابراہیم کو مُصلیٰؒ کیوں بنا یا اور میرے گھر کو پاک صاف کرو کس کےلئیے ؟

a)بیتُ اللہ میں مقامِ ابراہیم نماز کی جگہ ہے۔ اور حجاج کے لئیے اسکر کو پاک کرو۔
b)یہ حضرت ابراہیم علیہ اور حضرت اسماعیل علیہ کی فرمانبرداری کا صلہ تھا۔ طواف، اعتکاف، رکوع اور سجود کےلئیے پاک کیا۔
c)تاکہ دنیا کے ہر کونے سے آنے والے لوگ وہاں عبادت کریں۔

20. تعمیرِ کعبہ ازسرِنو مختلف ادوار میں 15 بارتعمیر ہوا ؟

a)تعمیر کعبہ کے وقت اسکی بنیادیں پہلے سے موجودتھیں اور وہ 13 بارتعمیر اور توسیع ہوئی ۔
b)اسکی تعمیر مختلف زمانوں میں 10 بار ہوئی ۔

QURANNATION

c)اسکی تعمیر 15 بار عمل میں آئی ۔

21. حضرت ابراہیم علیہ نے دورانِ تعمیر اور بعد تعمیر کے اپنے رب سے کتنی بار دعا کی ؟

a)5 بار دعا کی

b)4 بار دعا فر مائ

c)2 بار دعا فرمائ

22. اصطفینٰہُ فی الدُّنیا، لَمِنَ الصّٰلحین، أسلَمتُ لِرَبِّ العٰلمین، یہ صفات کس نبی کی ہیں ؟

a)حضرت اسحاق علیہ کی

b)حضرت یعقوب علیہ کی

c)حضرت ابراہیم علیہ کی

23. انھوں نے کہا ہم عبادت کریں گے تیرے اللہ کی۔ یہ کون تھے ؟

a)اولادِ نوح علیہ!

b)اولادِ اسحاق علیہ!

c)اولادِ یعقوب علیہ!

QURANNATION

24. الاساط سے کیا مراد ہے! فَسَيَكفِيكَهُمُ اللہ کی وضاحت کریں؟

a)الاساط اولادِاسماعیل کو کہا گیا۔ اوراللہ کافی ہے۔
b)الاساط اولاد کےلئیے استعمال ہوا، اللہ کی رحمت کافی ہے۔
c)الاساط اولاد یعقوب کےلئیے ہے اورتو عنقریب کافی ہوگا، تجھ کواللہ انکی طرف سے۔

25. سب سے اچھا رنگ اللہ کا ہے۔ مگر اس رنگ کیلئے صفات کی ضرورت ہے؟

a)اصل رنگ تودینِ اسلام کا ہے۔ یہ صرف عٗبدون اور مخلصون ہوتے ہیں۔
b)دنیا کا رنگ ہی رنگ لو، مگر پھر اپنے اعمال کا جائزہ لو۔
c)اللہ والے کہتے ہیں کہ ہم ہی سچے فر ما بردارہیں۔

الحمدُللہ

QURANNATION

QURANNATION